Member APNS
کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا روزنامہ
Daily Gwadar Business Quetta
روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ
ABC Certified
ایڈیٹر: ریاض احمد
جلد 22 | بدھ 08 جولائی 2026ء | 22 محرم الحرام 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 07
Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

صدر زرداری کی کرغز ہم منصب سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

امن اور ترقی کے لیے مل کر کام کرنا وقت کا تقاضہ ہے، پاکستان کی وژن سینٹرل ایشیا پالیسی میں کرغزستان کو اہم مقام حاصل ہے، صدر مملکت کی ملاقات میں گفتگو

امن اور ترقی کے لیے مل کر کام کرنا وقت کا تقاضہ ہے، دونوں ملکوں کے درمیان تجارت کے فروغ کے وسیع مواقع موجود ہیں، صدر زرداری

بشکک (این این آئی) پاکستان اور کرغزستان نے دوطرفہ تعلقات، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ پر اتفاق کیا ہے۔ منگل کو صدر مملکت آصف علی زرداری دورے پر (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

بشکک (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اعلیٰ سطح کے ایک (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم سے گورنر بلوچستان کا ٹیلیفونک رابطہ

گورنر بلوچستان نے ہنہ اوڑک میں ہونے والے حالیہ دہشت گردانہ حملے متعلق آگاہ کیا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کو گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے صوبہ میں آمن و امان کی تازہ ترین صورتحال بالخصوص ہنہ اوڑک میں (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

بینکاری تنازعات کے فوری اور موثر حل کے لیے ادارہ جاتی تعاون ناگزیر ہے، چیف جسٹس

اسلام آباد (یو این اے) چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سے بینکنگ محتسب پاکستان سراج الدین عزیز نے (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

اڈیالہ جیل میں عمران خان اور بشریٰ بی بی کی ملاقات

دونوں کی ملاقات 25 منٹ تک کانفرنس روم میں ہوئی، صحت اور قانونی معاملات پر گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) اڈیالہ جیل میں بانی کی بشریٰ بی بی سے ملاقات کرادی گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اڈیالہ جیل میں دونوں میاں بیوی کی ملاقات 25 منٹ تک (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف چھوٹی اور درمیانی صنعتوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

28 سرکاری ادارے نجکاری کیلئے مختص، معیشت استحکام کی جانب گامزن ہے

وفاقی وزیر خزانہ

ٹیکس نظام میں انسانی مداخلت ختم کی جارہی ہے، ہر فرد کو اپنی استعداد کے مطابق ٹیکس دینا ہوگا، ایس ایم ایز، تعمیراتی شعبے اور زرعی مشینری کیلئے مراعات برقرار رہیں گی

ملکی معیشت استحکام کی جانب گامزن ہے، مالی سال 2025-26 کا اختتام مثبت معاشی اشاریوں کے ساتھ ہوا

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت ریاستی اداروں کی نجکاری کے عمل کو تیز کرنے کیلئے متحرک ہے اور نجکاری کمیشن کو مزید (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

نیٹو نے بہت مایوس کیا، ایران جنگ میں ہمیں کسی کی ضرورت نہیں تھی، ٹرمپ

انقرہ (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ نیٹو نے بہت مایوس کیا ہے، ایران جنگ میں ہمیں کسی کی ضرورت نہیں تھی۔ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

انقرہ: صدر رجب طیب اردوان اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

عمران خان کی قید تنہائی، جیل میں خلاف قانون سلوک کے سنگین الزامات نظر انداز نہیں کر سکتے، عدالت

بانی اور بشریٰ بی بی کی قید تنہائی متعلق سپرینٹنڈنٹ اڈیالہ جیل حقائق پر مبنی تفصیلی رپورٹ پیش کریں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کی قید تنہائی کے خلاف درخواستوں پر اپنے تحریری حکم میں کہا ہے کہ قید تنہائی اور جیل میں (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

زیارت، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی شہداء زیارت کے لواحقین سے تعزیت کے بعد اظہار خیال کر رہے ہیں

بلوچستان کی مسلح جماعت پر حملہ، 9 اہلکار شہید، دہشتگرد مارے گئے

شہداء میں ایس ایچ او مانگی محمد حسین اور ایس ایچ او کواس صحبت خان شامل ہیں، واقعہ کے بعد علاقے میں سکیورٹی فورسز اور پولیس کی نفری بڑھا دی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق حملہ آوروں کی تلاش اور علاقے کی کلیئرنس کیلئے سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا

یہ لوگ بلوچستان کی ترقی و امن اور عوام کی خوشحالی کے دشمن ہیں، کسی کو بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے نہیں دیں گے، امن دشمن دہشتگردوں کے سدباب تک انکے خلاف جنگ جاری رکھیں گے، وزیراعظم

زیارت / اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے ضلع زیارت کے علاقے مانگی میں پولیس کی چوکی پر مسلح دہشت گردوں کے حملے میں 9 اہلکار شہید ہو گئے جس کے بعد کلیئرنس آپریشن کے دوران 15 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا گیا جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے فتنہ الخوارج کی جانب سے پولیس چوکی پر دہشتگرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حملے میں شہید ہونے والے ایس ایچ اوز سمیت پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

ایک سال میں قومی قرضوں میں تقریباً 5 ہزار 904 ارب روپے کا اضافہ

مجموعی حجم 81 ہزار 949 ارب روپے تک پہنچ گیا، آڈیٹر جنرل نے قرضوں کے انتظام پر سوالات اٹھا دیے

رواں مالی سال سود کی ادائیگی 8 ہزار 54 ارب روپے رہنے کا تخمینہ

کراچی (این این آئی) ملک کے مجموعی سرکاری قرضوں میں گزشتہ ایک سال کے دوران تقریباً 5 ہزار 904 ارب روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جس کے بعد وفاقی (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

بھاری اسپانسرڈ دہشتگردی قوم کیلئے مشترکہ چیلنج ہے

بلاول بھٹو زرداری

شہداء کے خون کا ہر قطرہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور امن کے قیام کے قومی عزم کو مزید مضبوط بناتا ہے

پوری قوم دہشت گردی کے خلاف اپنی بہادر پولیس اور سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے زیارت میں پولیس چوکی پر بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردوں کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردی کسی ایک ادارے کا نہیں بلکہ پوری قوم کا مشترکہ چیلنج (بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر)

روس نے یوکرائن کے 36 ڈرون تباہ کر دیئے

ماسکو (این این آئی) روس نے یوکرائن کے 36 ڈرون تباہ کر دیئے۔ ماسکو کے میئر سرگئی سوبیانین کے مطابق یوکرائن سے ماسکو کے علاقے کی طرف 430 سے زیادہ ڈرون لانچ کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ (بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر)

خواجہ آصف کی کیپٹن عاصم کی شہادت پر فتنہ الخوارج کے پروپیگنڈا پر تنقید

گروپ کیپٹن عاصم طارق کے ایک بہیمانہ قتل کی ذمہ داری طالبان قبول کر رہے ہیں، ان کا کوئی اعتبار نہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے فتنہ الخوارج کی جانب سے گروپ کیپٹن عاصم کی شہادت پر جھوٹے پروپیگنڈے پر سخت تنقید کی ہے۔ سماجی رابطے کی (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

چوپون آتا، صدر مملکت آصف علی زرداری گارڈ آف آنر کا معائنہ کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ کی صدر مانگی ڈیم واقعہ اور امن و امان کی صورتحال پر اجلاس، دہشتگردوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائیوں کا حکم

دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف جاری آپریشن کو ہر صورت منطقی انجام تک پہنچایا جائے، ریاست دشمن عناصر کو دوبارہ منظم ہونے کا کوئی موقع نہ دیا جائے

حکومت اپنی آئینی اور قومی ذمہ داریوں سے ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹے گی اور کسی بھی صورت عوام کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی

زیارت (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی دہشت گردی کے حالیہ واقعے کے بعد مانگی ڈیم اور زیارت کے متاثرہ علاقوں میں امن و امان کی صورتحال کا جائزہ لینے، شہداء کے اہلخانہ سے اظہار تعزیت، زخمیوں کی عیادت اور سکیورٹی فورسز سے اظہار یکجہتی کے لیے بغیر بلٹ پروف عام گاڑی میں بذریعہ سڑک زیارت پہنچ گئے وزیراعلیٰ بلوچستان کو آئی جی پولیس نے زیارت (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

بانی سے ملاقات روکیں گے تو نفرتیں، تناؤ بڑھے گا، بیرسٹر گوہر

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے ایک آفر ضروری آئی تھی، علیمہ باجی نے بھی اس کا ذکر کیا تھا

کہا گیا تحریری طور پر ملاقات کا خط لکھیں اور باہر آکر سیاسی بات نہیں کریں گی

راولپنڈی (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ بانی چیئرمین سے ملاقات روکیں گے تو نفرتیں اور تناؤ بڑھے گا۔ اڈیالہ روڈ داہگل ناکے پر (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر کا پیٹرول پر 80 ڈیزل پر 70 روپے لیوی وصول کرنیکا اعتراف

اخراجات یا تو لیوی سے پورے ہوتے ہیں یا پھر مہنگائی کا بوجھ اٹھانا پڑتا ہے، گیس کمپنیوں کی نجکاری کی تیاری ہے، علی پرویز ملک

گیس سیکٹر میں اصلاحات عالمی بینک کے تعاون سے جاری ہیں، گیس سیکٹر کو مرحلہ وار ڈی ریگولیٹ کیا جا رہا ہے، قائمہ کمیٹی کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ حکومت پیٹرول پر تقریباً 80 اور ڈیزل پر 70 روپے لیوی وصول کر رہی ہے جبکہ لیوی ختم کرنے سے حکومتی آمدن کا متبادل بندوبست کرنا ہوگا کیونکہ اخراجات یا تو لیوی سے پورے ہوتے ہیں یا پھر مہنگائی کا بوجھ اٹھانا پڑتا ہے۔ منگل کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے پیٹرولیم کا اجلاس مصطفیٰ محمود کی زیر صدارت ہوا جہاں وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز (بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر)

گلگت، بلاول بھٹو کا پارٹی پالیسی کی خلاف ورزی پر سخت ایکشن، ایک ماہ میں انکوائری رپورٹ طلب

گلگت (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے پارٹی پالیسی کی خلاف ورزی کرنے والے عہدیداران، امیدواروں اور کارکنوں کے خلاف سخت تنظیمی (بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر)

پٹرول لیوی کے خلاف جمعہ کو ملک گیر مظاہرے، دھرنے ہوں گے، حافظ نعیم الرحمٰن کا اعلان

پاکستان کے پانیوں پر بھارتی جارحیت کے خلاف بھرپور آواز اٹھائی جائے

ایران سے باضابطہ تجارت کا آغاز کیا جائے، امیر جماعت اسلامی کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے پٹرولیم لیوی کے خلاف 10 جولائی بروز جمعہ کو ملک گیر دھرنوں اور مظاہروں کا اعلان کیا ہے۔ (بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر)

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

قم میں علی خامنہ ای سمیت ان کے خاندان کے چار افراد کی نمازِ جنازہ ادا

لاکھوں سوگوار تعزیت اور آخری رسومات میں شرکت کے لیے جمع ہوئے، رپورٹ

قم / تہران (این این آئی) ایران کے سابق رہبرِ اعلیٰ علی خامنہ ای اور ان کے خاندان کے 4 افراد کی نمازِ جنازہ ایران کے مقدس شہر قم میں ادا کر دی گئی، جہاں لاکھوں سوگوار تعزیت (بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر)

حکومت کا گیس ٹیرف میں کمی کے باوجود گیس کی قیمتوں میں کمی نہ کرنے کا فیصلہ

گیس کمپنیوں کے لیے ٹیرف میں اس کمی کے باوجود حکومت نے مالی سال 27-2026 کے دوران عوام کے لیے گیس کی قیمتیں برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا

گیس نرخ برقرار رکھنے کا مقصد دونوں گیس کمپنیوں کی مالی پوزیشن کو مستحکم رکھنا ہے، آئی ایم ایف کو بھی آگاہ کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے گیس کی قیمتوں میں کمی نا کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پیٹرولیم ڈویژن کے ایک سینئر عہدیدار نے بتایا ہے کہ اوگرا نے سوئی سدرن اور سوئی نادرن کے لیے اوسط مقررہ قیمت 1,793 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو سے کم کر کے 1,705 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق گیس کمپنیوں کے لیے ٹیرف میں اس کمی کے باوجود حکومت نے مالی سال (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

زیارت، دہشتگردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کا کلیئرنس آپریشن کامیابی سے مکمل

بلوچستان میں دہشت گردوں کے لیے کوئی محفوظ پناہ گاہ نہیں، ہر حملے کا بھرپور اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا

15 دہشت گرد جہنم واصل، ریاست پوری قوت سے جواب دے رہی ہے، شاہد رند

کوئٹہ (این این آئی) زیارت میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کا کلیئرنس آپریشن کامیابی سے مکمل، 15 دہشت گرد جہنم واصل۔ وزیراعلیٰ کے (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل ہنہ اوڑک حملے میں زخمیوں کی عیادت کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

190 ملین پاؤنڈ کیس، بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے وکلاء کو دلائل کیلئے آخری مہلت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی اپیلوں پر سماعت سے متعلق تحریری حکم نامہ جاری کر دیا جس کے مطابق (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کا جسد خاکی قم منتقلی پر لاکھوں سوگواران شریک ہیں

کوئٹہ، بم دھماکہ، مدرسے کے دو طالب علم جاں بحق ایک زخمی

واقعہ کے بعد پولیس اور سیکورٹی فورسز نے جائے وقوعہ پر پہنچ لاشوں اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے میں بم دھماکہ، مدرسے کے دو طالب علم جاں بحق ایک زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق منگل کو کوئٹہ کے علاقے کچی بیگ میں گلی جدید میاں خان میں واقعہ امدادیہ مدرسے کے عیدگاہ گراؤنڈ میں دھماکے کی زد میں آکر دو طالب علم 10 سالہ محمد صفیان اور خلیل الرحمٰن جاں بحق جبکہ 7 سالہ اسد اللہ زخمی ہو گیا۔ واقعہ کے بعد پولیس اور سیکورٹی فورسز نے جائے وقوعہ پر پہنچ لاشوں اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا

پندرہ دنوں میں رجسٹرڈ ازمین کی تعداد ڈھائی لاکھ سے تجاوز کر گئی

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور نے کہا ہے کہ پندرہ دنوں میں رجسٹرڈ ازمین کی تعداد ڈھائی لاکھ سے تجاوز کر گئی (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ کے کامیاب مذاکرات، زیارت کرس دھرنا ختم، شاہراہ ٹریفک کے لئے بحال

دشمن بلوچستان پر دو طرف سے حملہ آور ہے، ایک جانب معصوم شہریوں کو قتل کر رہا ہے اور دوسری جانب لوگوں کا روزگار متاثر کرنے کی کوشش کر رہا ہے، بلوچستان حکومت عوام کے مسائل کے حل کے لیے ہر وقت دستیاب ہے اور اختلافات یا شکایات کا حل صرف مذاکرات، باہمی اعتماد اور آئینی و قانونی طریقہ کار کے ذریعے ہی ممکن ہے

زیارت (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے زیارت کراس پہنچ کر دھرنے کے شرکاء سے براہِ راست ملاقات کی، ان کے مطالبات اور تحفظات تفصیل سے سنے اور مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات کا اعلان کیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے مظاہرین کے مطالبات پر (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

دہشتگردی کے خلاف جاری احتجاجی دھرنوں میں عوام بھرپور شرکت کریں، پشتونخوامیپ

آج بی اے مال ایئرپورٹ روڈ دھرنے میں نواب ایاز جوگیزئی سمیت مرکزی قیادت شریک ہوگی

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ڈپٹی چیئرمین عبدالرف لالا کی زیر صدارت پارٹی کی مرکزی و صوبائی کابینہ کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں زیارت کے کچھ مانگی اور کوئٹہ کے ہنہ اوڑک کلی بیری میں ہونے والے دہشت گرد حملوں، شہریوں کے قتل (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، ہنہ اوڑک کے رہائشیوں کی جانب سے ایئرپورٹ روڈ پر دیئے گئے احتجاجی دھرنا کے شرکاء

راولپنڈی، اڈیالہ جیل گورکھ پورنا کے پر پی ٹی آئی کارکن آپس میں لڑ پڑے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں اڈیالہ جیل گورکھ پورنا کے پر تحریک انصاف کے کارکن آپس میں لڑ پڑے۔ کارکنوں کا (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

واشنگٹن، ٹرمپ انتظامیہ نے ملک بدری کی مہم تیز کر دی، 5 روز میں 10 ہزار افراد گرفتار

واشنگٹن (این این آئی) ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے بڑے پیمانے پر ملک بدری کی مہم تیز کر دی گئی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور ترکیہ کے مابین مختلف شعبوں میں تعلقات مزید مضبوط اور مستحکم ہوں گے

وزیراعظم کا اعلان

کابینہ نے چار سالہ حج پالیسی اور پلان برائے 2027-2030 کی منظوری دیدی، خواہشمند افراد 2030 تک کسی بھی سال کیلئے حج کی رجسٹریشن کرا سکیں گے، اعلامیہ

حج کے تمام تر نظام کو ڈیجیٹل کیا جا رہا ہے جس میں ادائیگیاں بھی ڈیجیٹل نظام کے ذریعے ہوں گی، پالیسی کے تحت سرکاری اور پرائیویٹ حج کا کوٹہ مختص کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے چار سالہ حج پالیسی اور پلان برائے 2027-2030 کی منظوری دے دی جس کے تحت خواہشمند افراد 2030 تک کسی بھی سال کیلئے حج کی رجسٹریشن کرا سکیں گے جبکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے وفاقی کابینہ کو دورہ ترکیہ پر اعتماد میں لیا ہے اور کہا ہے کہ پاکستان اور ترکیہ کے مابین مختلف شعبوں میں تعلقات اور بھائی چارہ (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

پیپلز پارٹی چالیس سال بعد مینار پاکستان پر سیاسی قوت کا مظاہرہ کریگی

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی چار دہائیوں بعد مینار پاکستان پر کنونشن کا انعقاد کرے گی۔ 25 جولائی کو مینار (بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر)

روس کی جانب سے یوکرینی اومسک آئل ریفائنری پر میزائل حملے کے بعد آگ لگی ہوئی ہے

ٹرمپ دھمکیاں بند کریں ورنہ جواب دوسری زبان میں ملے گا، ایران

آبنائے ہرمز میں 2 جہازوں پر حملہ، امریکا نے ایران پر الزام عائد کر دیا

ٹرمپ پہلے بھی دھمکیاں دے چکے ہیں لیکن اس کا نتیجہ امریکا کے لیے ناکامی ہی نکلا، محمد باقر ذوالقدر

ایک اور تجارتی جہاز بھی حملے کی زد میں آیا، دونوں جہازوں کو شدید نقصان پہنچا، امریکی حکام

تہران (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے تازہ دھمکی پر ایران نے بھی سخت ردعمل دیا ہے جس سے فریقین کے درمیان ایک بار پھر لفظی جنگ چھڑ گئی ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے سیکریٹری محمد باقر ذوالقدر نے کہا کہ (بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر)

روس کے یوکرین کے دارالحکومت کیف پر حملے، 24 افراد ہلاک

صبح کے وقت کیے گئے حملے میں کیف کے پوڈلسکی ضلع میں ایک کثیر منزلہ رہائشی عمارت میں گہرا گڑھا پڑ گیا

ماسکو (این این آئی) روس کی جانب سے یوکرین کے دارالحکومت کیف پر میزائل حملے کے نتیجے میں مزید 24 افراد ہلاک جبکہ 100 سے زائد زخمی ہو گئے۔ یوکرینی حکام کے مطابق روس نے مسلسل دوسرے ہفتے کیف میں رہائشی عمارتوں کو میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنایا (بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر)

امریکی صدر ٹرمپ نیٹو اجلاس میں شرکت کیلئے ترکیہ پہنچ گئے

انقرہ (یو این اے) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ دنیا کے سب سے بڑے فوجی اتحاد نیٹو کے 36 ویں سربراہی اجلاس میں (بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر)

نوشکی: گلنگور کے قریب مسلح افراد نے دو فیول ٹینکروں کو آگ لگا دی، دونوں گاڑیاں تباہ

نوشکی (یو این اے) ضلع نوشکی کے علاقے گلنگور کوٹھاری کے قریب قومی شاہراہ پر نامعلوم مسلح افراد نے دو بوزر (فیول ٹینکر) (بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر)

چوپون آتا، صدر مملکت آصف علی زرداری کرغزستان کے صدر سے مصافحہ کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ مراد علی شاہ کی زیر صدارت سندھ کابینہ کا اجلاس، اہم فیصلے

اجلاس میں تاریخی "سندھ فارمرز ایگریکلچرل کلیکٹوز ایکٹ، 2026" کی منظوری

کابینہ کا گندم کی ذخیرہ اندوزی کے خلاف سخت کارروائی کا حکم

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت زراعت، غذائی تحفظ اور دیہی ترقی سے متعلق سندھ کابینہ کے ایک اہم اجلاس میں تاریخی "سندھ (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے، نیشنل پارٹی

دہشت گردی کے مسلسل واقعات حکومت کی امن و امان برقرار رکھنے میں ناکامی کا واضح ثبوت ہیں

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں ہنہ اوڑک میں بڑھتے ہوئے دہشت گردی کے واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ہنہ (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے عوام سے جینے کا بنیادی حق بھی چھین لیا گیا ہے، مولانا عبدالواسع

ایسی صورتحال میں کسی قسم کی تاخیر، غیر مؤثر حکمتِ عملی یا محض رسمی بیانات ناقابلِ قبول ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے زیارت میں نو افراد کی شہادت پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ زیارت میں مزید 9 بے گناہ افراد کی لاشوں کی برآمدگی بلوچستان میں امن و امان کی سنگین ابتری اور شہریوں کے (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ گوادر بزنس

ریاست کو سیاست سے الگ رکھنا ہوگا

وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ ریاست کو سیاست سے الگ رکھنا ہوگا، سیاسی احتجاج حق ہے مگر ریاستی مفاد پر سمجھوتہ نہیں ہوسکتا، دنیا کا کوئی جمہوری ملک سیاسی ایجنڈوں کی خاطر ریاستی اداروں کو کمزور کرنے کی اجازت نہیں دیتا، مصنوعی ذہانت سے صحت کے شعبے میں انقلاب برپا کیا جاسکتا ہے، ذیابیطس سے بچاکے لیے ملک گیر آگاہی مہم شروع کی جائے گی، قومی مفاد میں مشکل مگر ضروری فیصلے کر کے معیشت کو مستحکم کیا گیا، مہنگائی تقریبا 38 فیصد سے کم ہوکر 5 سے 6 فیصد کی سطح پر آ گئی۔ اور لینڈو میں اپنا کنونشن 2026 سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ اوورسیز پاکستانی ڈاکٹرز پاکستان کے ہیلتھ سیکٹر کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کریں، بیرونِ ملک پاکستانی ڈاکٹرز پاکستان کا قیمتی اثاثہ ہیں، اوورسیز پاکستانی معالجین جدید طبی مہارت، ٹیکنالوجی اور تجربہ پاکستان منتقل کریں۔ احسن اقبال نے کہا کہ مصنوعی ذہانت سے صحت کے شعبے میں انقلاب برپا کیا جا سکتا ہے، اوورسیز ڈاکٹرز پاکستان میں اے آئی پر مبنی ہیلتھ کیئر سلوشنز کے فروغ میں معاونت کریں، پاکستان کو صحت، خواندگی اور آبادی کے شعبوں میں بڑے چیلنجز درپیش ہیں۔ ہیپاٹائٹس سی، ذیابیطس، ٹی بی، پولیو اور بچوں میں غذائی کمی قومی چیلنجز ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان پاپولیشن کونسل کے قیام کی منظوری دے دی ہے، پاپولیشن کونسل کی سربراہی وزیراعظم کریں گے، تمام وزرائے اعلی رکن ہوں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اسلام آباد، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کا پروگرام جاری ہے، ذیابیطس سے بچاکے لیے ملک گیر آگاہی مہم شروع کی جائے گی۔

نوجوان شاعر ونغمہ نگار ظہیر ظرف کے اعزاز میں بزم صائم ادبیات/صائم اردو اکیڈمی کے زیر اہتمام شعری نشست

حب سے تشریف لائے معروف نوجوان شاعر ونغمہ نگار ظہیر ظرف کے اعزاز میں بزم صائم ادبیات/صائم اردو اکیڈمی زیر اہتمام شعری نشست کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب کی صدارت معروف سینئر شاعر سرور جاوید نے کی جب کہ مہمان خصوصی کی حیثیت سے سینئر شاعر افضل مراد موجود تھے۔ بانی صدر بزم صائم محترمہ تسنیم صنم میں مہمانوں کو خوش امدید کہا۔ تقریب میں سینئر استاد شاعر و وائس چیئر مین بزم صائم، مہمان شاعر ظہیر ظرف، عامر جبار، محمود احمد محور، محترمہ تسنیم صنم جہانگیر کاوش، جناب کامران قمر، احمد وقاص کاشی اور عجب خان سائل نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان شاعر ظہیر ظرف نے بزم کا شکریہ ادا کیا اور بلوچستان کی مہمان نوازی کی تعریف کی۔ تقریب کا اہتمام محترمہ تسنیم صنم کی رہائش گاہ پر کیا گیا۔ تقریب کے نظامت احمد وقاص کاشی نے کی۔

منتخب غزل۔۔۔عجب سائل

مسلسل ہجر کا غم دے گیا ہے
مری آنکھوں کو شبنم دے گیا ہے
مُجھے تاریک راتوں کو اجالا
دیا جلتا وہ مدھم دے گیا ہے
مری محفل سجانے کے لیے وہ
مُجھے تنہائی پیہم دے گیا ہے
نہ پوچھو دل میں کیا کہرام برپا
کہ جب سے ہجر ماتم دے گیا ہے
کمی کوئی نہیں سائل دکھوں کی
غنیمت ہے جو ہمدم دے گیا ہے۔

ادبی جریدہ "چراغِ راہ" کی تقریب پزیرائی

دائرہ علم و ادب بلوچستان کے زیر اہتمام ادبی جریدہ "چراغِ راہ" کی تقریب پزیرائی کا اہتمام الحمدین انٹرنیشنل اسکول میں کیا گیا جس کی صدارت مولانا عبدالحق ہاشمی نے کی مولانا صاحب جب بھی گفتگو کرتے ہیں تو یوں محسوس ہوتا ہے کہ جیسے علم وحکمت کا ایک دریا سلیقے بہتا چلا جا رہا ہے جب وہ بولتے ہیں تو سننے والے ہمہ تن گوش ہو جاتے ہیں

گویا علم وحکمت کا ایک ایک موتی سمیٹنا چاہتے ہیں۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی بلوچستان کی معروف ادبی شخصیت اور سینئر شاعر سرور جاوید تھے میں ان کا ذاتی طور پر بہت احسان مند ہوں کہ جب بھی انہیں پروگرام میں دعوت دی وہ ضرور تشریف لائے اور یہ ان کا خاصہ ہے کہ ہمیشہ مقررہ وقت پر محفل میں شریک ہوتے ہیں مجھے یاد نہیں پڑتا کہ وہ کبھی تاخیر سے کسی محفل میں پہنچے ہوں بلوچستان میں ادب کی آبیاری میں ان کی گراں قدر خدمات ہیں نے انہیں ہر موضوع سخن پر گفتگو کا ایک خاص ملکہ عطا کر رکھا ہے۔ تقریب میں دیگر مقررین میں امان شادیزئی، عبدالمتین اخوند زادہ، نثار موسیٰ، محترمہ جیاں آراء تبسم اور راقم االحروف نے ادبی جریدے "چراغ راہ" پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس خوبصورت تقریب کی نظامت کے فرائض اسلام آباد سے تشریف لاے ہو دائرہ علم و ادب پاکسان کے رابطہ سیکرٹری ڈاکٹر احسن حامد نے انتہائی خوبصورتی سے ادا کیے ۔۔تقریب میں دیگر شعرا میں عبدالقیوم بیدار، محترمہ فہمیدہ گل، بقا محمد بقا، شوکت امان، غلام علی جون، جناب عیسیٰ خان رسولی۔ اکبر ساسولی، سجاد حیدر اور سامعین میں جناب جمیل کرد، فیض انگار اور دیگر افراد نے شرکت کی۔

☆☆☆☆

نصیر احمد گل جی کی انجمن عابد شال کے مرکزی دفتر میں اجلاس

* کوئٹہ/سریاب: انجمن عابد شال کے مرکزی دفتر میں ایک اہم اجلاس زیرِ صدارت صدر نصیر احمد گل جی منعقد ہوا۔ اجلاس میں آنے والے ادبی پروگرامز اور انجمن کے امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اجلاس میں پریس سیکریٹری عجب خان سائل، جنرل سیکریٹری جہانزیب احسن، محمد قاسم، سینئر دوست وسابقہ صدر کبیر احمد عاطف، سابقہ جنرل سیکریٹری شوبی شاہوانی سمیت دیگر عہدیداران شریک تھے۔ شرکاء نے انجمن کے ادبی امور کے مختلف پہلوؤں پر اپنی آراء پیش کیں۔ اجلاس کے اختتام پر متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ دنوں میں ایک روزہ ادبی سیمینار اور مشاعرے کا انعقاد کیا جائے گا جس کی تاریخ اور تفصیلات جلد جاری کی جائی گی۔

شہرِ وفا (شعری مجموعہ): جذبوں کی سچائی اور فکری گہرائی کا خوبصورت عکاس

اردو ادب کا روایتی مزاج جہاں حسن وعشق کی تخیلاتی داستانوں اور فلسفیانہ گتھیوں سے عبارت ہے، وہاں عصرِ حاضر کے ادبی منظرنامے میں ایک ایسے منفرد لہجے کی ضرورت شدت سے محسوس کی جارہی تھی جو جدید دور کے انسان کے حقیقی کرب، اس کی اقدار کی پامالی اور اس کی داخلی کیفیات کو پوری دیانت داری سے بیان کر سکے۔ اس تناظر میں، ممتاز ماہرِ تعلیم، لیکچرار اور کالم نگار اختر چیمہ کا پہلا شعری مجموعہ "شہرِ وفا" ادبی افق پر ایک خوشگوار، جاندار اور فکری توانائی سے بھرپور اضافہ بن کر ابھرا ہے۔ یہ مجموعہ شاعر کی برسوں کی فکری ریاضت، مشاہدے کی پختگی اور زبان و بیان پر ان کی گہری گرفت کا بین ثبوت ہے۔

کسی بھی تخلیق کار کے دل کی اصل کیفیت اس کے انتساب سے معلوم ہوتی ہے۔ اختر چیمہ نے اپنی اس عمر بھر کی کمائی کو اپنے والدین مرحومین ومغفورین کے نام منسوب کیا ہے۔ یہ انتساب محض ایک رسمی عبارت نہیں بلکہ والدین سے گہری محبت، عقیدت اور ان کی دی ہوئی تربیت کا اعتراف ہے۔ شاعر نے نامساعد حالات میں بہترین تعلیم و تربیت اور ایثار وقربانی پر اپنے والدین کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ پروردگار انہیں جوارِ رحمت میں جگہ دے۔ یہ جذباتی وابستگی کتاب کے آغاز ہی میں قاری کے دل کو چھو لیتی ہے اور مصنف کی خاندانی اقدار اور مٹی سے جڑے ہونے کا پتا دیتی ہے۔

کتاب کا مقدمہ یا "حرفِ اول" مصنف کی نثری صلاحیتوں کا ایک شاندار عکاس ہے۔ ایک اردو لیکچرار اور اسکالر ہونے کے ناطے، اختر چیمہ نے یہاں ادب، زندگی اور معاشرتی ذمہ داری پر بہت گہری اور مدلل گفتگو کی ہے۔ انہوں نے ثابت کیا ہے کہ شاعری محض الفاظ کا گورکھ دھندا نہیں بلکہ یہ روح کی آواز اور معاشرے کا آئینہ ہوتی ہے۔ ان کا نثر لکھنے کا انداز اتنا باوقار، سلیس اور جاذبِ نظر ہے کہ قاری شاعری پڑھنے سے پہلے ہی مصنف کی فکری بلندی کا قائل ہوجاتا ہے۔

"شہرِ وفا" کی ایک بڑی اور بنیادی خوبی اس کا اخلاص اور جذبوں کی غیر مصنوعی سچائی ہے۔ اختر چیمہ نے خود کو روایتی مبالغہ آرائی یا محض قافیہ پیمائی کے حصار میں مقید نہیں رکھا، بلکہ اپنے گرد وپیش بکھری سچی انسانی سچائیوں، رشتوں کی ٹیس اور سماجی رویوں کو غزل اور نظم کے قالب میں ڈھالا ہے۔ ان کا فکری شعور قاری کو ایک دھیمے اور سنجیدہ مزاج سے روشناس کرواتا ہے جو جذبات کی سستی عکاسی سے یکسر پاک ہے۔ ان کی

شاعر: اختر چیمہ، پبلشرز: فکشن ہاؤس، لاہور

شاعری پڑھتے ہوئے محسوس ہوتا ہے کہ یہ کسی خیالی دنیا کا قصہ نہیں بلکہ اِسی مٹی کے انسان کی کہانی ہے۔

مجموعے کا باقاعدہ آغاز حمد، نعتِ رسولِ مقبول ﷺ، مناجات اور سلام جیسے پاکیزہ اور مقدس موضوعات سے ہوتا ہے۔ ایک سچے تخلیق کار کے لیے عقیدت کا اظہار اس وقت تک اثر انگیز نہیں ہوسکتا جب تک دل گداز سے آشنا نہ ہو۔ اختر چیمہ کے نعتیہ کلام اور مناجات میں عاجزی، تڑپ اور گہری وابستگی نمایاں ہے۔ صوفیانہ رجحان اور تقدیسی شاعری میں ان کا قلم حد درجے باادب اور دل نشیں رہا ہے، جو ان کی داخلی طہارت اور صوفیانہ مزاج کی عکاسی کرتا ہے۔ ان کا یہ کلام قاری کی روح کو تازگی اور دل کو سکون بخشتا ہے۔

اختر چیمہ کی غزلوں میں جہاں کلاسیکی روایت کی پاسداری نظر آتی ہے، وہیں جدید دور کے انسان کا نفسیاتی کرب بھی اپنی پوری معنویت کے ساتھ موجود ہے۔ ان کی غزل کا محبوب روایتی طور پر ظالم یا بے مہر نہیں بلکہ وہ زندگی کے تضادات اور حالات کی ستم ظریفیوں سے نبرد آزما ایک حقیقی کردار دکھائی دیتا ہے۔ اختر چیمہ کے ہاں غزل کے اشعار میں ایک خاص قسم کا ترنم اور نغمگی ہے، جو بحروں کے انتخاب اور الفاظ کی خوبصورت بندش کا نتیجہ ہے۔ ان کے اشعار سہلِ ممتنع کی وہ بہترین مثال ہیں جو ایک عام قاری کے دل میں بھی براہِ راست اتر جاتے ہیں۔

نظم کی صنف میں اختر چیمہ کا سماجی شعور اور عصری آگہی عروج پر دکھائی دیتی ہے۔ متفرق اور اچھوتے موضوعات پر لکھی گئی ان کی نظمیں سماج کی ناہمواریوں، گرتی ہوئی اخلاقی اقدار اور انسانی رشتوں کی نزاکت کا نوحہ بھی ہیں اور ان کی بحالی کی ایک مخلصانہ کوشش بھی۔ ان کی نظموں کا تانا بانا بہت مضبوط ہے، جہاں ہر مصرع دوسرے مصرعے سے جڑا ہوا ہے اور پوری نظم قاری کو اپنے سحر میں جکڑے رکھتی ہے۔ وہ سماجی مسائل کو محض نمایاں نہیں کرتے بلکہ محبت اور وفا کے جذبوں کے ذریعے ان کا مداوا بھی پیش کرتے ہیں۔

کسی بھی کتاب کا پہلا تاثر اس کی ظاہری پیشکش سے بنتا ہے۔ پاکستان کے مایہ ناز پبلشنگ ادارے "فکشن ہاؤس، لاہور" نے "شہرِ وفا" کی اشاعت میں اپنے روایتی اور اعلیٰ معیار کو برقرار رکھا ہے۔ کتاب کا دلکش اور باطنی موضوعات سے ہم آہنگ سرورق، عمدہ کاغذ، معیاری طباعت اور بہترین کمپیوٹر کمپوزنگ نے اس شعری مجموعے کو ایک لازوال فن پارہ بنا دیا ہے۔ 223 صفحات پر مشتمل یہ ضخیم کتاب اردو ادب کے سنجیدہ قارئین کے لیے ایک انمول تحفہ ہے۔

اختر چیمہ کا شعری سفر صرف "شہرِ وفا" تک محدود نہیں بلکہ ان کا تخلیقی چشمہ تیزی سے رواں دواں ہے۔ ان کی کئی دیگر اہم کتب بھی زیرِ طبع ہیں جو بہت جلد ادبی دنیا کی زینت بننے والی ہیں۔ ان کتب میں غزلوں کا مجموعہ "محبت ہے صدا میری"، نظموں پر مشتمل کتاب "شعلے"، تقدیسی کلام کا مجموعہ "صحیفہ ؟ مودت" اور سیر وسلوک پر مبنی اہم تصنیف "تجلی" شامل ہیں۔ یہ تمام آنے والے منصوبے اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ اختر چیمہ اردو ادب کی خدمت کے لیے ایک طویل اور پائیدار وژن رکھتے ہیں۔

مختصراً یہ کہ اختر چیمہ کا "شہرِ وفا" محض ایک شاعر کا پہلا مجموعہ کلام نہیں، بلکہ زندگی، محبت، عقیدت اور سماج کو دیکھنے والی ایک حساس اور بیدار آنکھ کا تخلیقی نچوڑ ہے۔ یہ مجموعہ انہیں عصرِ حاضر کے معتبر اور پختہ گو شعرا کی صف میں نمایاں مقام دلانے کے لیے کافی ہے۔ امید ہے کہ اردو ادب کے قارئین اور ناقدین اختر چیمہ کے اس شعری سفر کا کھلے دل سے استقبال کریں گے اور مستقبل میں ان سے مزید اعلیٰ فکری کلام کی امیدیں وابستہ رہیں گی۔

(غلام شبیر، سیالکوٹ)

غزل

میں لوگوں سے ملاقاتوں کے لمحے یاد رکھتا ہوں
میں باتیں بھول بھی جاؤں تو لہجے یاد رکھتا ہوں

سرِ محفل نگاہیں مجھ پہ جن لوگوں کی پڑتی ہیں
نگاہوں کے معانی سے وہ چہرے یاد رکھتا ہوں

ذرا سا ہٹ کے چلتا ہوں زمانے کی روایت سے
کہ جن پہ بوجھ میں ڈالوں وہ کاندھے یاد رکھتا ہوں

میں یوں تو بھول جاتا ہوں خراشیں تلخ باتوں کی
مگر جو زخم گہرے دیں وہ رویے یاد رکھتا ہوں

اینو نا مطالعہ

اردو زبان ناسوبر آپنی آشاعر حضرت مرزا اسد اللہ خان غالب داڑیتینا غزل ئسینا اسہ شعر ئسیٹی خدا نا یکتائی اونا قدرت ئجنگ نا درشانی اے اسہ گچینو پڑئسیآن تالان کریسہ داوڑ الہامی دروشم اٹ گوفینے!

"اِسے کون دیکھ سکتا کہ یگانہ ہے وہ یکتا
جو دوئی کی بُو بھی ہوتی تو کہیں دو چار ہوتا"

یگانہ = اکیلا ۔ یکتا = تنہا

حضرت مولانا خلیل الرحمٰن بجنوری تینا کتاب فنز اک اٹ شعر ئنا زیہا آ تشریح کریسہ داوڑ درشانی پاش کرینے۔

تشریح: "ذاتِ الٰہی پر حضرت ایک دلیل قائم کرتیہیں کہ اُسے کون دیکھ سکتا ہیوہ تو بیمثال ہیاور یکتا ہیاسکی مثال بھی نہیں دی جاسکتی کوئی جسم نہیں رکھتا جس کو ہماری نظر پاسکیوہ قوت ہیجسکو تقسیم بھی نہیں کیا جاسکتا کہ ایک سے دو اور دو سے چار کرلیا جاویاُس ذاتِ گرامی میں تو دوئی کا شائبہ تک نہیں اگر ایسا ہوتا تو وہ کہیں تو ہم سے دو چار ہوتا مطلب آمنا سامنا ہوتا۔ دوسرے یہ کہ دو چار ہونا ایک محاورہ ہیجو آمنا سامنا یعنی آپس میں الجھ پڑنے، جنگ کرنیکیمعنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ اگر خدا ایک نہ ہوکر دو چار ہوتیتو کہیں آپس میں لڑتے بھڑتے نظر آتے"

غزل ... سینے میں جلن



اخلاق محمد خان شہریار

سینے میں جلن آنکھوں میں طوفان سا کیوں ہے ؟
اِس شہر میں ہر شخص پریشان سا کیوں ہے ؟

دل ہے تو دھڑکنے کا بہانہ کوئی ڈھونڈے
پتھر کی طرح بے حس و بے جان سا کیوں ہے؟

تنہائی کی یہ کون سی منزل ہے رفیقو ؟
تاحدِ نظر ایک بیابان سا کیوں ہے ؟

کیا کوئی نئی بات نظر آتی ہے ہم میں ؟
آئینہ ہمیں دیکھ کے حیران سا کیوں ہے ؟

اخلاق محمد خان شہریار ۔ علی گڑھ، بھارت ۔

فنِ اصلاحِ سخن کا ایک مخلص پاسبان، رشید حسرت

اردو ادب کی دنیا میں شعر کہنا بلاشبہ ایک تخلیقی عمل ہے، مگر شعر کو فنّی معیار پر پرکھنا، اس کے محاسن و معائب کی نشان دہی کرنا اور اسے قواعدِ سخن کے مطابق سنوارنا ایک الگ بصیرت کا تقاضا کرتا ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں ایک صاحبِ علم وفن استاد کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔

پاکستان سے تعلق رکھنے والے محترم جناب رشید حسرت صاحب اردو ادب، خصوصاً شعر وشاعری، علمِ عروض اور تقطیع کے میدان میں نمایاں ذوق اور گہری بصیرت رکھنے والی شخصیت ہیں۔ ان کی خاص خوبی یہ ہے کہ وہ محض اشعار کو وزن پر نہیں پرکھتے بلکہ خیال، زبان، اسلوب، قافیہ، ردیف اور شعری روایت کے تمام پہلوؤں کو سامنے رکھتے ہوئے اصلاح فرماتے ہیں۔

راقم کو بھی عرصہ سے ان کی شفقت اور رہنمائی حاصل ہے۔ جب بھی کوئی غزل، منقبت یا شعری کاوش ان کی خدمت میں اصلاح کی غرض سے پیش کی، انہوں نے اپنی مصروفیات کے باوجود بروقت توجہ فرمائی۔ ان کی اصلاح میں ایک استاد کی شفقت، ایک صاحبِ فن کی باریک بینی اور ایک مخلص رہنما کی خیر خواہی نمایاں ہوتی ہے۔

جناب حسرت صاحب کی ایک نمایاں خوبی یہ ہے کہ وہ اصلاح کو صرف خامیوں کی نشان دہی تک محدود نہیں رکھتے بلکہ شعر کے حسن کو ابھارنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کبھی کسی لفظ کی نشست بہتر فرماتے ہیں، کبھی وزن وبحر کی طرف توجہ کرتے ہیں اور کبھی کسی مصرع یا شعر میں ایسی تراش خراش عطا فرماتے ہیں کہ کلام کی تاثیر میں اضافہ ہوجاتا ہے۔

شاعری کے میدان میں نئے لکھنے والوں کے لیے ایسے اساتذہ کی موجودگی ایک نعمت سے کم نہیں۔ آج کے دور میں جب بعض اوقات فنی اصولوں سے بے اعتنائی کو جدت کا نام دیا جاتا ہے، وہاں رشید حسرت صاحب جیسے اہلِ علم حضرات شعری روایات، عروضی اصولوں اور زبان کے حسن کی حفاظت کررہے ہیں۔

مجھے یقین ہے کہ میں واحد شخص نہیں جس پر ان کی شفقتوں کا سایہ ہے۔ نہ جانے کتنے شعرا اور سخن کے طالب علم ان کی رہنمائی سے فائدہ اٹھا رہے ہوں گے، اور کتنے کلام ان کی خاموش محنت سے مزید نکھر کر اہلِ ذوق تک پہنچ رہے ہوں گے۔

ایسے اہلِ فن کی قدر کرنا دراصل ادب کی قدر کرنا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ جناب رشید حسرت صاحب کو صحت، عمر، علم اور ذوقِ سخن میں مزید برکت عطا فرمائے، اور ان کی یہ اصلاحی وادبی خدمات دیر تک اردو ادب کی سیراب کرتی رہیں۔

محمد مطیب احسن مالیگاؤں مہاشٹر (انڈیا)

ساقی جی نا فلان شعرنا باروٹ نی انت پاسہ

دامنہ دے ئے چندی
سنگتا ک خواست
کننگ اسر کہ ساقی جی
نا فلان شعرنا باروٹ نی انت پاسہ۔ اوفتا
سوال آ ای تیفون سوچاٹ کہ ای انت
پاروٹ؟
ہاں تینا پانگے اگہ تینے اسکان محدود تخیو یا بیرہ
ہوسنگتا تسکان ہرادا نا ورندی ئے خوارہ گڑا
مننگ کیک ای گڑاس پاو ولے انت دننگا
بیتا ک بیرہ منہ بندغا تسکان محدود تخنگرہ؟۔ یا
انت ادبی سرحالاتے بیرہ تینے اسکان محدود
تخنگ جوانو عمل ئسے؟ یقین آخہ۔
گڑاد اشعر آ انتئے ہیت مف، ویل انتے؟
ویل دادے کہ ای ہراتم تنقیدی جاچ نا
سلسلہ ئے بنا کریٹ او شاعرتا اسہ مہشون
اس جوڑ کرسہ دا فہرست ئے مسہ بندغ تون
شئیر کریٹ، اوفتیان اسٹ شہید غنخوار حیات
اس ایلو اِرا پین خوک نا مہروان اسرہ تو اسہ
مہروان اس دا فہرست آن گڑاس پن کشہ
ہرا فتیٹی اسہ پن اس ساقی جی نا اسکہ۔
کنا سوال کننگا او ہندہ ورندی ئے تس کہ باز
آ شاعرک داسکان علمی شرہ غاتیکن تیار افس
او نی دا علاقہ غان مراس نے دا شاعرتا سا
اف۔ ای پین سوال کتوٹ ولے شہید
حیات صاحب ساقی جی نا پنے کشتو کنا
ارفنگ آ ہندہ پارے "نی تینا جاچے ال او
اُست آ کپر و"۔ تو ای ساقی نا غزل ئسے آ
ہیت کریٹ او پدتا ہندہ مس کہ گڑاس بندغ
ہرا ادیب وَ نوشتہ کار تو الورہ کنے حوال کریر
ہرا فتا پتا تیان ہندہ محسوس مس کہ دا ادب نا
درگہ نا مہن آن ہم تدتنو ہراڑن ای مایوس
متوٹ انٹیکن او بندغاک نہہ ادب آن
واخب اسرہ نہہ تنقید نا معنی آن۔

تحریر۔ عمران فریق

منہ دے آن گڈ سنگت اس ساقی جی نا غزل
اس کتنون شئیر کرے، اودے خوانگان ای و
لدہ مایوس متوٹ انٹیکن کنے ہوسنگت نا ہیت
یاد بس ہرا کہ ساقی نا پنے فہرست آن کشا۔
ای شہید غنخوار حیات کن ساقی نا ہندہ غزلے
مہن تسوٹ تو او مخو کو ایموجی اس مہن تس ولدہ
شیف آ تا گڑاس لکھہ، "فریق یار، نی تینا
ادبی کاریمتے بر جاتخ دافتیا پام کپہ"۔
اینو دا شعر آ ہیت کننگان مست ای تیفون
سوچاٹ کہ مہن نا جار ساقی کنکن غزل اس
لکھا دا جار پکا ہجو اس لکھو ولے شہید غنخوار نا
ہیت او پنت کنا اُست آن انپک کہ نی تینا
کاریے بر جاتخ۔
بس ہمو پنتے مہنا تخسہ ای دا شعر آ تینا ہیتا تے
کننگ اُٹ۔
انٹیکن ای سرپند مریوہ کہ براہوئی ادب نا کل
آن بلا ویل ہندادے کہ نن ہیت کپنہ بلکہ دا
ویل داسہ مچا بلوچستان نا ویل جوڑ مسونے کہ
ہر بندغ ہیت کننگ آن اڑ زیک۔
برینہ شعر نا کنڈہ۔ ساقی جی نا شعر داوڑئے:

ملا درود خوانے او مزہ
باٹی تہ اف
ساقی کرینگ ایتے
اونا زبانے شیرین
داشعرئے خوانگان اونا معنی وَ شاعر نا مقصد
اڑتو ماک بیدس ہچو مشکل ئسے آن ننے آ
پاش مریوہ انٹیکن نہہ داشعر مبہم او شعر ئسے نہہ
رمزی او، نہہ کہ دائی ایہام وَ تعریض ہرے۔
داشعر بدیع نا ارا صنعت اٹ استعمال مسو
نے اسٹ ئے پارہ "مقابلہ" ایلوئے پارہ"
لف ونشر بالترتیب"۔
مقابلہ نا داصنعت نا مطلب دادے کہ دائی
ارا کردار نا مقابلہ ئے اسٹ "ساقی" ایلو
"مُلا"۔
لف ونشر نا مطلب دادے کہ اولیکو مصرعہ ٹی
مُلا نا حوالہ اٹ مسہ ہیت کننگا نے، اولیکو
"مُلا نا کردار"، ارٹمیکو "درود"، مسٹمیکو "مزہ
اف"۔
ارٹمیکو مصرعہ ٹی "ساقی نا کردار"، ارٹمیکو
"کرینگ" وَ مسٹمیکو "شیرین"۔
لف ونشر نا ترتیب داوڑ تخنگا نے کہ ملا درود
خوانک تو باٹی تا مزہ اف
ساقی کرینگ لیتک اونا زبانے شیرین۔
یعنی "درود" نا مقابلہ ٹی" کرینگ ئے"۔
"مزہ اف" نا مقابلہ ٹی "شیرین ئے"۔
شعر نا تہٹی ساڑی آ لوزاتے اوفتا حقیقی او
مجازی معنی ٹی ہرن تو ایلو کل لوزاک تینا
جاگہ غا واضح او ہچو مجازی معنی اس الوک اف
بیرہ اِرا دنولوز (جاری)

بقیہ 1

گردوں کے بزدلانہ حملے کے نتیجے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر دلی رنج وغم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے مذمتی و تعزیتی بیان میں میر علی حسن زہری نے کہا کہ وطنِ عزیز کے امن، استحکام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس اہلکار اور سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوان پوری قوم کے حقیقی ہیرو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں شہداء کی عظیم قربانیاں قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا اور پوری قوم ان کے اہلِ خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج، پولیس، فرنٹیئر کور اور دیگر سیکیورٹی فورسز دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر کھڑی ہیں۔ وطن کی سلامتی، خودمختاری اور امن کے تحفظ کے لیے ان کی بے مثال جرات، پیشہ ورانہ صلاحیت فرض شناسی اور لازوال قربانیاں پوری قوم کے لیے باعثِ فخر اور سرمایہ افتخار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے سیکیورٹی اداروں کے جوان ہر روز اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر دہشت گرد عناصر کے خلاف نبرد آزما ہیں اور اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ دے کر ملک دشمن قوتوں کے مذموم منصوبوں کو ناکام بنا رہے ہیں۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ دہشت گردی انسانیت، امن اور قومی وحدت کی دشمن ہے اور ایسی بزدلانہ کارروائیاں قوم کے حوصلے ہرگز پست نہیں کر سکتیں

بقیہ 2

کے تمام ممبران نے شرکت کی۔ اس موقع پر کنٹریکٹ پر بھرتی ہونے والے اساتذہ نے کمیٹی کے سامنے پیش ہو کر اپنی تعلیمی اسناد اور دیگر متعلقہ دستاویزات جمع کروائیں، جبکہ کمیٹی نے امیدواروں کی جانب سے دائر کیے گئے اعتراضات کو بھی غور سے سنا۔ ڈپٹی کمشنر و چیئرمین ڈسٹرکٹ ریکروٹمنٹ کمیٹی عبدالرزاق گچکی اور دیگر ممبران نے تمام امیدواروں کی اسناد کی جانچ پڑتال کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ اساتذہ کی بھرتی کا عمل مکمل طور پر میرٹ پر مبنی ہے اور تمام تر تقرریاں شفافیت کے اصولوں کے تحت کی جا رہی ہیں

بقیہ 3

کھلی کچہری کے دوران سرکاری ملازمین نے اپنی مختلف شکایات اور مسائل پیش کیے۔ اس موقع پر ریجنل محتسب اعلیٰ جناب زاہد حسین بُرڈ نے بعض شکایات کا موقع پر ہی ازالہ کیا، جبکہ ٹریژری اور اکاؤنٹس آفس کے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ باقی ماندہ شکایات ایک یا دو دن کے اندر حل کی جائیں۔ جن معاملات میں ضروری دستاویزات نامکمل تھیں، ان درخواست گزاروں کو مطلوبہ کاغذات مکمل کر کے دوبارہ پیش ہونے کی ہدایت کی گئی تاکہ ان کی شکایات کا قانون کے مطابق جلد از جلد ازالہ کیا جا سکے۔

بقیہ 4

وجوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظہر ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ بلوچستان پولیس کے افسران اور جوانوں نے اپنی جانیں قربان کر کے 15 دہشت گردوں کو نشانِ عبرت بنایا۔ میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ غیر ریاستی عناصر اپنے مذموم مقاصد کے لیے صوبے کا امن و امان خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، لیکن وہ اس میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ صوبائی حکومت اور ہمارے ادارے دہشت گردی کے خاتمے اور امن کے قیام کے لیے سنجیدہ کوشیں کر رہے ہیں۔ ان شاء اللہ جلد ہمارے ملک اور صوبے میں امن و سلامتی کا سورج طلوع ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں عوام، سیاسی جماعتیں اور سیکیورٹی ادارے ایک صف میں کھڑے ہو کر مشکلات کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ لہٰذا ان مخصوص حالات میں ہمیں تمام سیاسی اختلافات بالاطاق رکھتے ہوئے دہشت گردی کے عفریت سے نمٹنے کے لیے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا ہوگا۔

بقیہ 5

میں فتنہ الخوارج سے وابستہ دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور شدید افسوس کا اظہار کیا ہے انھوں نے کہا کہ شہریوں کے تحفظ پر معمور پولیس افیسران و اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک عمل ہے امن و امان کی بحالی اور ملکی دفاع کی خاطر پولیس کے جوانوں کی جانب سے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا گیا جو قابل تحسین عمل ہے انھوں نے کہا کہ ایسے بزدلانہ کارروائیوں سے ہمارے سیکیورٹی اداروں اور غیور جوانوں کے حوصلے پست نہیں کیے جا سکتے حکومت صوبے میں امن و امان کے قیام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی اور دہشت گردی کے جڑ سے خاتمے تک تمام ممکنہ اقدامات اور سرگرمیاں پوری طاقت سے جاری رہیں گے

بقیہ 6

سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران شہداء اور زخمیوں کی تفصیلات پیش کی گئیں اور متاثرہ خاندانوں کو حکومتی پالیسی کے مطابق معاوضے کی فراہمی کے حوالے سے پیش رفت پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں تمام متعلقہ محکموں کے نمائندوں نے شرکت کی اور اپنے اپنے اداروں کی جانب سے ضروری معلومات اور رپورٹس پیش کیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ شہداء کے لواحقین اور زخمیوں کے معاوضوں کے کیسز کو جلد از جلد مکمل کر کے تمام قانونی و انتظامی کارروائی بروقت یقینی بنائی جائے

بقیہ 7

شہدا کے ورثا نے آج دوپہر ایک بجے سے کوئٹہ اور اندرونِ بلوچستان کی اہم قومی شاہراہوں اور داخلی راستوں کو بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ شہدا ایکشن کمیٹی کے رہنما سردار نسیم پانیزئی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی جانب سے تاحال مذاکرات کے لیے کوئی سنجیدہ پیش رفت نہیں کی گئی، جس کے باعث احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ دوپہر ایک بجے بلیلی کے مقام پر کوئٹہ کے تمام اہم انٹری پوائنٹس بند کیے جائیں گے، جبکہ زیارت کراس کے مقام پر قومی شاہراہ پہلے ہی بند ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشین، چمن اور دیگر اضلاع کے اہم داخلی راستوں کو بھی بند کیا جائے گا تاکہ حکومت کو مطالبات کی منظوری پر مجبور کیا جا سکے۔ سردار نسیم پانیزئی کے مطابق بلوچ بیلٹ کے قبائلی عمائدین سے بھی رابطے جاری ہیں تاکہ وہاں بھی قومی شاہراہوں کو بند کر کے احتجاج میں بھرپور شرکت یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 8

جعفر آباد اور ضلع صحبت پور میں محکمہ کے مجوزہ ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں چیف انجینئر سبی زون زبیر احمد کھوسہ چیف انجینئر نصیر آباد زون محمد بشیر ناصر ٹیکنیکل ایڈوائزر احسان اللہ خان دوتانی پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ پی اینڈ ڈی کے حکام اور متعلقہ ایگزیکٹو انجینئرز نے شرکت کی اجلاس کے دوران ان اضل میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کے تحت مختلف سڑکوں سے متعلق ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی غور کیا گیا متعلقہ حکام نے منصوبوں کی فزیبلٹی تخمینہ لاگت تکنیکی پہلوؤں اور مجوزہ مدتِ تکمیل کے حوالے سے جامع بریفنگ دی اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر اور اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو بہتر اور محفوظ سفری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے

بقیہ 9

گردانہ حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے شہید ہونے والے پولیس افسران، اہلکاروں اور شہریوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں میر عثمان گورگیج نے کہا کہ دہشت گرد عناصر بلوچستان کے امن، ترقی اور استحکام کو نقصان پہنچانے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں، تاہم قوم کے اتحاد، سیکیورٹی فورسز کی بہادری اور عوام کے تعاون سے ان کے تمام مذموم عزائم ناکام بنائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ دشمن قوتیں عوام اور ریاستی اداروں کے درمیان بداعتمادی پیدا کرنا چاہتی ہیں، لیکن محبِ وطن پاکستانی ایسی ہر سازش کو پہچانتی اور قومی اتحاد سے ناکام بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اپنی پولیس، پاک افواج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں

بقیہ 10

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کوئٹہ حافظ محمد طارق، اسسٹنٹ کمشنر صدر، اسسٹنٹ کمشنر سریاب، متعلقہ تحصیلداران، سیٹلمنٹ آفیسر، محکمہ C&W، کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (QDA) اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں کوئٹہ میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر کیو ڈی اے کی اراضی پر قائم غیر قانونی جھونپڑیوں اور تجاوزات کے خاتمے اور سرکاری اراضی واگزار کرانے کے اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبے بروقت مکمل کیے جائیں، سرکاری اراضی کو تجاوزات سے واگزار کرایا جائے

بقیہ 11

گئے ہیں قلات انتظامیہ نے ریونیو افسران کو سختی سے احکامات جاری کر دیے ہیں کہ وہ دفتر آنے والے سائلین کیساتھ خندہ پیشانی کے ساتھ پیش آئیں اور انکے مسائل فوری حل کریں تاکہ عوام کو کوئی مشکل پیش نہ آئے اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر قلات اسد سالانی کے زیر صدارت محکمہ ریونیو اسٹاف کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں تحصیلدار حاجی عبدالغفار لہڑی ریڈر اسسٹنٹ کمشنر بابو ثناء اللہ محمد حسنی طارق مرتضی پٹواری صدر پٹواری شفیق الرحمٰن مینگل پٹواری محمد خالد پٹواری معز احمد پٹواری محمد کاشف پٹواری نعیم احمد نے شرکت کی

بقیہ 13

خلاف جاری جنگ میں ہمارے سیکیورٹی اداروں کے افسران اور جوان بے مثال جرات، پیشہ ورانہ مہارت، فرض شناسی اور جذبہ ایثار کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہر روز اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا رہے ہیں۔ ان کی قربانیاں پاکستان کے روشن، محفوظ اور پرامن مستقبل کی ضمانت ہیں، جن پر پوری قوم کو بجا طور پر فخر ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ دہشت گردی انسانیت، امن، ترقی اور قومی یکجہتی کی دشمن ہے۔ ایسے بزدلانہ حملے نہ تو ریاست کے عزم کو متزلزل کر سکتے ہیں اور نہ ہی قوم کے حوصلوں کو کمزور کر سکتے ہیں۔ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے کیونکہ پوری پاکستانی قوم اپنی بہادر مسلح افواج، پولیس، فرنٹیئر کور اور دیگر سیکیورٹی اداروں کے ساتھ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند متحد ہو کر کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وطنِ عزیز کے امن، استحکام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس اہلکار، پاک افواج، فرنٹیئر کور اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے بہادر جوان پوری قوم کا فخر اور قومی سلامتی کے حقیقی محافظ ہیں

بقیہ 14

میں ضلع بھر کے کمرشل بینکوں کی موجودہ سیکیورٹی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ممکنہ خطرات کے پیش نظر حفاظتی انتظامات کو مزید موثر، مربوط اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر حب نے بینک انتظامیہ کو ہدایت کی کہ تمام بینکوں میں تربیت یافتہ، مستعد اور پیشہ ور سیکیورٹی گارڈز کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے، ضرورت کے مطابق گارڈز کی تعداد میں اضافہ کیا جائے اور انہیں جدید سیکیورٹی تقاضوں کے مطابق باقاعدہ ریفریشر ٹریننگ فراہم کی جائے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری، مؤثر اور بروقت ردعمل ممکن بنایا جا سکے۔ اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ تمام بینکوں میں اندرونی و بیرونی حصوں کی مکمل نگرانی کے لیے اعلیٰ معیار کے جدید سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے جائیں، جو ہر وقت فعال رہیں اور ان کی ریکارڈنگ محفوظ رکھی جائے۔ بینکوں کے داخلی و خارجی راستوں، پارکنگ ایریاز، اے ٹی ایم بوتھس اور دیگر حساس مقامات کی مؤثر مانیٹرنگ کو یقینی بنانے کی ہدایت بھی جاری کی گئی۔ شرکاء کو ہدایت کی گئی کہ ایمرجنسی رسپانس پلان پر مؤثر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے

بقیہ 15

لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار خبر رساں ادارہ (روزنامہ گوادر بزنس) کے نمائندے صحافی انور حسین بولانی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دشت کے عوام کو درپیش مشکلات کا مکمل ادراک ہے، اور ان مسائل کے حل کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے یقین دلایا کہ انتظامیہ عوامی مشکلات کے تدارک کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔ تعلیم اور صحت کے شعبوں کو اپنی گفتگو کا مرکز بناتے ہوئے جاوید احمد سالانی نے اعلان کیا کہ دشت میں تعلیمی سہولیات کی بہتری اور صحت عامہ کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کام کیا جائے گا

بقیہ 16

والدین میں بچوں کی متوازن پرورش، صحت مند غذائیت اور مثبت تربیت کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا تھا۔ سیمینار میں ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز لورالائی ڈویژن و ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر مقبول احمد کاکڑ، سے ڈی سی جنرل نواز علی۔ اسسٹنٹ کمشنر ڈرگ اور اسسٹنٹ کمشنر میٹر اسرار احمد، ڈسٹرکٹ فیمیز پی پی ایچ آئی فرحان کاکڑ، سے ڈی ایس محیب اللہ کاکڑ، بی آر ایس پی کے ملیریا کوآرڈینیٹر اسحاق خان موسیٰ خیل، جوائن ایچ سی آر کے محمود خان موسیٰ خیل، ایس او ایم این سی ایچ پروگرام محمد عثمان موسیٰ خیل، لیڈی ہیلتھ ورکرز، پیرا میڈیکس سمیت محکمہ صحت کے افسران، عملے اور دیگر شرکاء نے شرکت کی۔ سیمینار ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینیٹر نقیب مامانے پراجیکٹ کے بارے میں مکمل بریفنگ دی جبکہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر مقبول احمد کاکڑ۔ اے سی میٹر اسرار احمد مندوخیل، ڈسٹرکٹ فیمیز پی پی ایچ آئی فرحان کاکڑ، ہیڈ آف پیڈز ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر حنیف دمڑ۔ انچارج ڈسٹرکٹ میڈیسن سٹور ڈاکٹر منان ملازئی۔ پیشنل پروگرام کے اکاؤنٹ سپروائزر ضیاء غلوئی، بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے فوڈ سیفٹی آفیسر شہزادہ خان ناصر، ایس او ایم این سی ایچ پروگرام محمد عثمان موسیٰ خیل اور مولوی ظریف خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بچے اللہ کا ایک عظیم نعمت ہے اور اسے اچھی خوراک کے ساتھ ساتھ اچھی تربیت اچھی شعور دینا اور اچھے اخلاق کا مالک بنانا بھی ہمارے ذمہ داریوں میں شامل ہے

بقیہ 17

رہی ہے جبکہ خریف سیزن کی فصلیں، بالخصوص چاول کی کاشت، شدید متاثر ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے گرین بیلٹ کو دانستہ طور پر تباہ کیا جا رہا ہے، جس سے ہزاروں کاشتکاروں اور زرعی معیشت کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت کھیر تھیر کینال سے نکلنے والی ذیلی نہروں گندانہ شاخ، نور پور شاخ، سیر مائنر، قمو شاخ، منٹھوری شاخ ڈھوری شاخ و دیگر شاخوں میں پانی کی شدید قلت ہے، جس کے باعث کاشتکار پریشانی میں مبتلا ہیں اور ان کی فصلیں سوکھنے لگی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت بلوچستان کو اس کے حصے کا مکمل پانی فراہم نہیں کر رہی، حالانکہ کھیر تھیر کینال کا مقررہ حصہ 2400 کیوسک ہے، لیکن اس کے برعکس انتہائی کم مقدار میں پانی چھوڑا جا رہا ہے۔ میر حاجی ظفر علی پندرانی نے کہا کہ کھیر تھیر کینال کے محکمہ آبپاشی کے افسران نے متعدد بار پانی کی فراہمی کے لیے متعلقہ حکام سے رابطے کیے، مگر اس کے باوجود کوئی مثبت پیش رفت سامنے نہیں آئی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال سے واضح ہوتا ہے کہ کسانوں کے مسائل کو سنجیدگی سے نہیں لیا جا رہا، جس کے باعث زراعت تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے

بقیہ 18

چیت کی گئی۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے عوام کو درپیش گیس سے متعلق مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے ان کے جلد اور مؤثر حل کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور عوام کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے ہر متعلقہ فورم پر اپنی ذمہ داریاں ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 19

مانیٹرنگ و سہولت کاری کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈاکٹر مرشد دشتی نے طبی و پیرا میڈیکل عملے کی حاضری، او پی ڈی رجسٹر، ای پی آئی سینٹرز، ماں و بچے کی صحت (MNCH) سینٹر، ٹیلی ہیلتھ کلینک، ادویات کے دستیاب ذخیرے، صفائی کی صورتحال اور مجموعی طبی و انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، انہیں معیاری علاج اور ضروری ادویات بروقت فراہم کی جائیں، جبکہ حفاظتی ٹیکہ جات، زچہ و بچہ کی صحت اور دیگر بنیادی طبی خدمات میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر دونوں بنیادی مراکز صحت کو ضروری ادویات بھی فراہم کی گئیں تاکہ بلوچستان کے عوام اپنی پولیس، پاک افواج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں

بقیہ 20

اور جماعت کی مرکزی وصوبائی قیادت کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا ہے اہلِ علاقہ کا کہنا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن ملک کی ممتاز دینی وسیاسی شخصیات میں شمار ہوتے ہیں، جنہوں نے طویل عرصے سے دینی، سیاسی اور جمہوری میدان میں اپنی خدمات انجام دی ہیں انہوں نے ہمیشہ آئینی، جمہوری اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کیا، جس پر ان کے کارکنان اور چاہنے والے انہیں قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اہلِ علاقہ نے مولانا فضل الرحمٰن کی صحت، درازی عمر اور مزید قومی و دینی خدمات کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ سندھ میں مولانا راشد محمود سومرو کی قیادت میں جمعیت علماء اسلام کی ٹیم عوامی مسائل کے حل کے لیے متحرک کردار ادا کر رہی ہے ان کی کاوشوں کے باعث شہریوں کے متعدد مسائل متعلقہ اداروں تک پہنچے اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے گئے

بقیہ 21

میں ہیں ایسی حکومت کی کوشش ہے کہ امن و امان بہتر ہو، انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم، فیلڈ مارشل کی اہمیت ہے لیکن گورنر، وزیر اعلیٰ، کور کمانڈر سمیت تمام لوگ حکومتی نمائندگان ہیں جو قیام امن کے لیے حکومتی نظام کے تحت کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان انتہائی وسیع و عریض صوبہ ہے یہاں پر دو تخریب کار بھی 20 لوگوں کا کام کر سکتے ہیں جس کی وجہ سے مشکلات ہیں حکومت نے اپنی اولین ترجیح میں امن و امان کو رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہنہ اوڑک واقعہ انتہائی دلخراش ہے اور حکومت کے لیے چیلنج ہے اس مسئلے کو انتہائی سنجیدگی سے لیا گیا ہے حکومت کی کوشش ہے کہ مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کی جائے

بقیہ 22

کیا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے زمری۔ پلاسین روڈ منصوبے کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل سیکریٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان ایس ای موسیٰ خیل سرکل عبدالرازق مندوخیل ایگزیکٹو انجینئر روڈز ضلع موسیٰ خیل جانداد ٹیکنیکل ایڈوائزر احسان اللہ خان دوتانی کنسلٹنٹس کنٹریکٹرز اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی اجلاس کو منصوبے پر اب تک ہونے والی پیش رفت تکنیکی مسائل فنڈز کی فراہمی تعمیراتی رکاوٹوں اور دیگر انتظامی امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی بریفنگ کے بعد صوبائی وزیر نے منصوبے پر انتہائی سست رفتار پیش رفت پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس منصوبے کے لیے حکومت کی جانب سے فنڈز پہلے ہی فراہم کیے جا چکے ہیں اس کے باوجود کام کا تعطل اور سست روی کسی صورت قابل قبول نہیں میر سلیم احمد کھوسہ نے متعلقہ کنٹریکٹر کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ آئندہ دس دن کے اندر تعمیراتی سرگرمیاں دوبارہ شروع کرے جبکہ متعلقہ ایگزیکٹو انجینئر کو منصوبے کی روزانہ کی بنیاد پر مؤثر نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ دس روز بعد سیکریٹری مواصلات وتعمیرات کے دفتر میں پیش رفت سے متعلق تفصیلی رپورٹ جمع کرائی جائیانہوں نے کہا کہ زمری۔ پلاسین روڈ نہ صرف ضلع موسیٰ خیل بلکہ بلوچستان اور دیگر صوبوں کے درمیان آمدورفت تجارت اور علاقائی رابطوں کے فروغ کے لیے ایک اہم شاہراہ کی حیثیت رکھتی ہے اس لیے اس منصوبے میں مزید تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گیصوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو اولین ترجیح دے رہی ہے ترقیاتی منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر غفلت یا ناقص کارکردگی کے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے واضح کیا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں پر کسی قسم کی سستی یا نااہلی برداشت نہیں کی جائے گی اور صوبے کو مزید پسماندگی کی طرف دھکیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 23

کے تحت 18 جولائی 2026 سے شارٹ ٹرم گرمیوں کی چھٹیوں کا آغاز ہوگا جو 02 اگست 2026ء تک جاری رہیں گی۔ تمام تر تعلیمی سرگرمیاں چھٹیوں کے اختتام پر 03 اگست 2026ء (بروز پیر) سے دوبارہ باقاعدہ طور پر بحال کر دی جائیں گی۔ ہیڈ ٹیچر حافظ محمد صدیق مدنی نے گورنمنٹ پرائمری سکول مدرسہ بحرالعلوم چمن کے طلبہ کے والدین اور سرپرستوں سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ امتحانات کے دوران بچوں کی تیاری اور حاضری پر خصوصی توجہ دیں

بقیہ 24

ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لوکل سرٹیفکیٹ ایک بنیادی اور نہایت اہم دستاویز ہے، جس کی عدم دستیابی سے نوجوانوں کا مستقبل متاثر ہو رہا ہے۔ متعدد امیدوار صرف سرٹیفکیٹ جاری نہ ہونے کی وجہ سے مقابلے کے امتحانات، سرکاری و نجی ملازمتوں اور دیگر اہم مواقع سے محروم ہو رہے ہیں، جو نہایت افسوسناک اور تشویشناک صورتحال ہے۔ قادر بخش گویانے کہا کہ عوام بارہا متعلقہ دفاتر کے چکر لگانے پر مجبور ہیں، مگر اس مسئلے کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات دکھائی نہیں دیتے۔ انہوں نے اس تاخیر کو انتظامی غفلت قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کا بروقت حل انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر پنجگور سے پرزور مطالبہ کیا کہ لوکل سرٹیفکیٹ کے اجرا کے تمام زیر التوا معاملات کو ہنگامی بنیادوں پر نمٹایا جائے

بقیہ 25

کرداروں کو قانون کے مطابق عبرتناک سزا دی جائے۔ کھمبی شام لال لاسی نے اپنے جاری کردہ تعزیتی بیان میں انہوں نے شہداء کے اہلِ خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان میں امن و امان قائم رکھنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے۔ عوام عدم تحفظ کا شکار ہیں جبکہ حکومتی دعوے صرف بیانات اور اعلانات تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فارم 47 کی پیداوار حکومت عوام کو امن تحفظ اور انصاف فراہم کرنے کے بجائے بدامنی اور بے یقینی کا تحفہ دے رہی ہے۔ اگر حکومت شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کی بنیادی آئینی ذمہ داری پوری نہیں کر سکتی تو اسے اپنی کارکردگی پر سنجیدگی سے غور کرنا چاہیے

بقیہ 26

کے آلودہ پانی سے کاشت کی جانے والی سبزیاں عوامی صحت کے لیے سنگین خطرہ ہیں جس کے پیش نظر ان کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ عدالتِ عالیہ کے فیصلے اور متعدد بار جاری کی گئی وارننگز کے باوجود اگر کوئی شخص سیوریج کے پانی سے سبزیوں کی کاشت جاری رکھتا ہے تو اس کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی جبکہ مضر صحت سبزیوں کی تلفی کے حالیہ جاری آپریشن میں رکاوٹ ڈالنے یا قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے زمینداروں کے خلاف مقدمات درج کیے جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ صحت مند قوم کے لیے صحت بخش خوراک ناگزیر ہے اور زہریلی سبزیوں کی خرید و فروخت کی کوئی گنجائش نہیں۔ دریں اثناء بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی آپریشن ٹیموں نے پولیس کے تعاون سے کوئٹہ کے سی پیک روڈ پر بڑے پیمانے پر کارروائی کرتے ہوئے تقریباً 136 ایکڑ رقبے پر سیوریج کے آلودہ پانی سے کاشت کی گئی گوبھی، پودینہ، دھنیا، چقندر اور سلاد کی فصلوں کو ٹریکٹروں کے ذریعے تلف کر دیا۔

بقیہ 27

نہ صرف قانون بلکہ انسانیت کے بھی دشمن ہیں، جنہیں کسی صورت معاف نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے امن، ترقی اور استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر سازش ناکام بنائی جائے گی اور ریاستی ادارے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ شہداء کا مقدس خون ہرگز رائیگاں نہیں جائے گا، امن دشمنوں سے خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی غیور عوام اپنی بہادر پولیس، سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے تمام اداروں کے ساتھ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند کھڑی ہے اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک یہ قومی جدوجہد پوری قوت کے ساتھ جاری رہے گی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے حکومت ہر ممکن وسائل بروئے کار لا رہی ہے

بقیہ 28

وفد کے ہمراہ اپنے سرکاری دورہ کرغزستان کے دوران منگل کو جمہوریہ کرغزستان کے صدر سادیر جیاپاروف نورگو جوئیوچ سے ملاقات کی۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت کا یہ دورہ پاکستان اور کرغزستان کے درمیان دیرینہ دوستی اور آزمودہ تعلقات کی عکاسی کرتا ہے جو مشترکہ عقیدے، مشترکہ تاریخ اور ثقافتی ہم آہنگی پر مبنی ہیں۔ ملاقات سے قبل رخ اور دو کیپٹرل سینٹر میں صدر مملکت کے اعزاز میں سرکاری استقبالیہ تقریب منعقد کی گئی۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور کرغزستان کے درمیان برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے دوطرفہ تعاون کے تمام شعبوں کا جائزہ لیا اور تجارت، توانائی، رابطہ سازی، سیاسی و تجارتی تعاون، ثقافت، تعلیم، عوامی روابط اور کاسا 1000- منصوبے پر پیش رفت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع پر غور کیا۔ اس موقع پر اقتصادی، ثقافتی، بین الپارلیمانی اور تزویراتی شراکت داری کو مزید وسعت دینے کی صلاحیت کو بھی اجاگر کیا گیا۔ صدر آصف علی زرداری نے دسمبر 2025 میں کرغز صدر کے سرکاری دورہ پاکستان کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دو دہائیوں میں کسی بھی کرغز صدر کا یہ پہلا دورہ پاکستان تھا جس نے دوطرفہ تعلقات میں نئی روح پھونک دی اور اس کے نتیجے میں 16 معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی وژن سینٹرل ایشیا پالیسی میں کرغزستان کو اہم مقام حاصل ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کرغز صدر کو 28- 2027 کی مدت کے لیے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے غیر مستقل رکن کے طور پر کرغزستان کے تاریخی انتخاب پر مبارکباد بھی پیش کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ، اسلامی تعاون تنظیم

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو اور جہانگیر شاہ ملاقات کر رہے ہیں

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں شہداء کی قربانیاں قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں، میر علی حسن زہری

شہداء کی لازوال قربانیاں ہمیشہ قوم کے دلوں میں زندہ رہیں گی اور ان کا خون رائیگاں نہیں جائے گا



ایسی بزدلانہ کارروائیاں قوم کے حوصلے ہرگز پست نہیں کر سکتیں

حب (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری و سینئر صوبائی نائب صدر پی پی بلوچستان میر علی حسن زہری نے ضلع زیارت کے علاقے مائگی فیز تھری میں دہشت (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

دو بھائی کنویں گرنے سے جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) توبہ اچکزئی میں دو بھائی کنویں گرنے سے جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق منگل کو قلعہ عبداللہ کے علاقے توبہ اچکزئی میں گندم کی کٹائی کے لیے جانے والے دو افراد کنویں میں گر کر جاں بحق ہوگئے۔

ڈیرہ مراد جمالی اور ڈیرہ اللہ یار سے مدرسے کے چار طلباء سمیت پانچ افراد پراسرار طور پر لاپتہ

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی اور ڈیرہ اللہ یار سے مدرسے کے چار طلباء سمیت پانچ افراد پراسرار طور پر لاپتہ ہوگئے لواحقین کی جانب سے پولیس سے تلاش کرنے کی اپیل کردی لواحقین نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ روز مقامی مدرسے کے تین طلباء پراسرار طور پر مدرسے سے گھر جانے کا کہہ کر غایب ہوگئے

سیکرٹری محکمہ مواصلات و تعمیرات کی زیرِ صدارت ڈپارٹمنٹل سب کمیٹی کا اجلاس

جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر اور اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے، بابر خان

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری محکمہ مواصلات و تعمیرات بابر خان کی زیرِ صدارت ڈپارٹمنٹل سب کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع کچھی بولان ضلع سبی ضلع نصیر آباد ضلع (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

شہداء کی قربانیاں ہمیشہ قوم کے لیے مشعلِ راہ رہیں گی، میر عثمان گورگیج

دہشت گرد عناصر بلوچستان کے امن، ترقی اور استحکام کو نقصان پہنچانے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) انٹرنیشنل اوورسیز اکنامک کوریڈور کے ڈائریکٹر جنرل، سیاسی، قبائلی و سماجی رہنما میر عثمان گورگیج نے ہنہ اوڑک اور زیارت میں پیش آنے والے دہشت (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

اسپیشل سیکرٹری خزانہ محمد عارف اچکزئی سرکاری ملازمین کے ہیلتھ انشورنس سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تمام ترقیاتی منصوبے بروقت مکمل کیے جائیں، مہر اللہ بادینی

سرکاری اراضی کو تجاوزات سے واگزار اور منصوبوں میں حائل رکاوٹیں فوری طور پر دور کی جائیں

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت کوئٹہ میں جاری مختلف ترقیاتی اسکیموں پر کام کی پیش رفت کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

تمام اسٹاف اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائیں، اسد سمالانی

ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں انتظامیہ عوامی مسائل کے حل کے لیئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے

قلات (خ ن) سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں ریونیو ریکارڈ درست رکھنے اور درخواست گزاروں کو سہولیات فراہمی کیلئے اقدامات شروع کر دیے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو نیوٹراما سنٹر میں حالیہ ہنہ اوڑک حملے میں زخمیوں کی عیادت کر رہے ہیں

پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے، میر لیاقت لہڑی

پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی کی جی ایم سوئی سدرن گیس کمپنی راحیل ملک سے ملاقات

عوام کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے ہر متعلقہ فورم پر اپنی ذمہ داریاں ادا کرتی رہے گی، پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے منگل کو جی ایم سوئی سدرن گیس کمپنی راحیل ملک سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں کو گیس کی فراہمی، کم پریشر، بنی گیس اسکیموں اور عوام کو درپیش مسائل پر تفصیلی بات (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

دکی، دھماکے میں موٹر سائیکل سوار شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) دکی کے علاقے میں دھماکے میں موٹر سائیکل سوار شخص جاں بحق ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق منگل کو دکی کی تحصیل لونی کے علاقے کلی ڈیمہ میں سڑک کے کنارے نصب دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے ایک موٹر سائیکل سوار شخص گل بیگ جاں بحق ہوگیا

ڈاکٹر مرشد دشتی کا بی ایچ یوز شادو بند اور گھٹی ڈور کا مانیٹرنگ و سہولت کاری کا دورہ

ادویات کے دستیاب ذخیرے، صفائی کی صورتحال اور مجموعی طبی و انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق عوام کو دہلیز پر معیاری، بروقت اور مؤثر طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ مینجر پی پی ایچ آئی گوادر ڈاکٹر مرشد دشتی نے بنیادی مراکز صحت (بی ایچ یوز) شادو بند اور گھٹی ڈور کا (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

صحبت پور، پولیس تھانے کے قریب ہوٹل کے تالے توڑ کر چور سامان لے اڑے

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور پولیس سوئی کرائم جاگ گئے چور مقامی ہوٹل کے تالے توڑ کر سامان لے اڑے۔ پولیس تھانہ پہنور سنہڑی سے چند قدم کے فاصلے پر دودا لگٹی نیو بازار میں چوروں نے مقامی ہوٹل کے تالے توڑ کر سامان لے اڑے مقامی لوگوں کے مطابق پولیس گشت نہیں جس وجہ سے چور زیادہ سرگرم رہتے ہیں۔

کراچی: ناظم آباد نمبر 2 میں جمعیت علماء اسلام (ف) کے اجلاس کے موقع پر شرکاء خطاب کر رہے ہیں

ناظم آباد کے علاقہ مکینوں کا جمعیت علماء اسلام سے اظہار تشکر

مولانا راشد محمود سومرو کی قیادت میں جمعیت کی ٹیم عوامی مسائل کے حل کے لیے متحرک کردار ادا کر رہی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام (ف) کے امیر ضلع وسطی مولانا عبدالرشید نعمانی کی زیر صدارت ناظم آباد نمبر 2 میں اجلاس منعقد ہوا جس میں علاقہ مکینوں نے جمعیت علماء اسلام (ف) کی عوامی خدمات کو سراہتے ہوئے امیر جمعیت علماء اسلام مولانا فضل الرحمٰن (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

اساتذہ کی بھرتی کا عمل مکمل طور پر میرٹ پر مبنی ہے، عبدالرزاق مجگ

تعلیم کے فروغ کے لیے میرٹ کی پاسداری ناگزیر ہے، ڈپٹی کمشنر

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر و چیئرمین ڈسٹرکٹ ریکروٹمنٹ کمیٹی، عبدالرزاق مجگ کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ریکروٹمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں کنٹریکٹ اساتذہ کی بھرتی کے لیے (فیز IV) کے ٹیسٹ اور انٹرویوز کا عمل مکمل کیا گیا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ریکروٹمنٹ کمیٹی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

جیکب آباد میں ریجنل محتسب اعلیٰ کی کھلی کچہری

سرکاری ملازمین کی شکایات سنی گئیں، متعدد مسائل موقع پر حل

جیکب آباد (انیس جکھرانی) انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ، حکومتِ سندھ، جیکب آباد کی جانب سے جاری کردہ ہینڈ آؤٹ کے مطابق آج 7 جولائی 2026 کو ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس جیکب آباد میں ریجنل محتسب اعلیٰ جناب زاہد حسین بُرڑو کی صدارت میں کھلی کچہری منعقد ہوئی۔ (بقیہ نمبر 3 پر)

حکومت کی ترجیح امن و امان کو قائم رکھنا ہے

گورنر مندوخیل

ہنہ اوڑک واقعہ کا حکومت نے سنجیدگی سے نوٹس لیا

بلوچستان کا رقبہ وسیع عریض ہونے کی وجہ سے دہشتگردی کی کاروائیوں میں نقصانات ہوتے ہیں، مغویوں کی بحفاظت بازیابی کیلئے آپریشن احتیاط سے کیا جا رہا ہے

بلوچستان انتہائی وسیع و عریض صوبہ ہے یہاں پر دو تخریب کار بھی 20 لوگوں کا کام کر سکتے ہیں جس کی وجہ سے مشکلات ہیں، شیخ جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہنہ اوڑک واقعہ کا حکومت نے سنجیدگی سے نوٹس لیا ہے، بلوچستان کا رقبہ وسیع عریض ہونے کی وجہ سے دہشتگردی کی کاروائیوں میں نقصانات ہوتے ہیں، مغویوں کی بحفاظت بازیابی کیلئے آپریشن احتیاط سے کیا جا رہا ہے، یہ بات انہوں نے ٹراما سینٹر کوئٹہ میں ہنہ اوڑک حملے کے زخمیوں کی عیادت کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو بھی انکے ہمراہ تھے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ ہنہ اوڑک میں پیش آنے والا واقعہ افسوسناک ہے اس وقت لواحقین صدمے (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کوئٹہ محمد انور کاکڑ ڈسٹرکٹ معاوضہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت و ادارے دہشتگردی کے خاتمے کیلئے سنجیدہ کوشش کر رہے ہیں

صادق عمرانی

غیر ریاستی عناصر اپنے مذموم مقاصد کے لیے صوبے کا امن و امان خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، لیکن وہ کبھی کامیاب نہیں ہوں گے

زیارت میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن بلوچستان پولیس کے افسران و جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظہر ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن، پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیرِ آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے علاقہ زیارت میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن بلوچستان پولیس کے افسران (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

چولپون آتا، صدر مملکت آصف علی زرداری کو گارڈ آف آنر پیش کیا جا رہا ہے

ڈیرہ اللہ یار ایکسائز پولیس کی کاروائی چھ کلو چرس برآمد ایک موٹر سائیکل ضبط

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار ایکسائز پولیس کی کاروائی چھ کلو چرس برآمد ایک موٹر سائیکل ضبط ملزمان فرار ہوگئے پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار کے قریب زیرو پوائنٹ پر خفیہ اطلاع پر ایکسایز پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ایک موٹر سائیکل کے خانون سے چھ کلو چرس برآمد کر کے موٹر سائیکل ضبط کر دی گئی جبکہ ملزمان فرار ہو گئے۔

جی پی او چوک کوئٹہ کا نام تبدیل کر کے اسے شہید رازق بگٹی کے نام سے منسوب کر دیا

کوئٹہ (خ ن) میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے جاری کردہ ایک اعلامیے کے مطابق شہید رازق بگٹی کے خدمات کے اعتراف میں جی پی او چوک کوئٹہ کا نام تبدیل کر کے اسے شہید رازق بگٹی کے نام سے منسوب کیا گیا ہے۔

صحبت پور عادل پور پولیس تھانے کے ایس ایچ او کو معطل کر دیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) صحبت پور کے عادل پور پولیس تھانے کے ایس ایچ او کو معطل کر دیا گیا پولیس کے مطابق ایس ایس پی صحبت پور نے فرایض میں غفلت برتنے اور لاپرواہی کے مرتکب ہونے پر ایس ایچ او پولیس تھانہ عادلپور انسپکٹر عبدالوہاب گاجانی کو معطل کر کے لائن حاضر کر دیا

رکھنی، مل گلی میں علی الصبح ڈکیتی، مسلح ڈاکو شہریوں سے نقدی اور موبائل فون لوٹ کر فرار

بارکھان (یو این اے) ضلع بارکھان کے شہر رکھنی کے علاقے مل گلی میں علی الصبح نامعلوم مسلح ڈاکوں نے ڈکیتی کی واردات کرتے ہوئے شہریوں کو اسلحہ کے زور پر یرغمال بنا کر نقد رقم اور موبائل فون لوٹ لیے۔ ذرائع کے مطابق واقعہ آج صبح تقریباً چار بجے پیش آیا، جہاں مسلح ڈاکوں نے خادم حمام اور ان کے ساتھیوں کو اسلحہ کے زور پر قابو میں لے کر ان سے نقدی اور موبائل فون چھین لیے

سردار بابا غلام رسول عمرانی کا ہنہ اوڑک اور زیارت واقعات پر افسوس کا اظہار

حکومت صوبے میں امن و امان کے قیام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی، صوبائی مشیر

نصیر آباد (محمد یونس عمرانی) صوبائی مشیر برائے لیبر اینڈ مین پاور بیرسٹر چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے زیارت میں سیکورٹی فورسز کی کارروائی کو خراج تحسین جبکہ ہنہ اوڑک واقعے میں بے گناہ شہریوں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے صوبائی مشیر برائے لیبر اینڈ مین پاور بیرسٹر چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے زیارت (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ معاوضہ کمیٹی کا اجلاس

ہنہ وڑک اور حالیہ دیگر واقعات کے متاثرین سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ معاوضہ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ہنہ وڑک اور حالیہ دیگر واقعات کے متاثرین (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

سانحہ ہنہ اوڑک، احتجاج میں شدت، شہدا کے ورثا کا تیسرے روز جاری

اندرونِ بلوچستان کی اہم شاہراہیں بند کرنے کا اعلان کر دیا

کوئٹہ (یو این اے) سانحہ ہنہ اوڑک کے خلاف احتجاج میں مزید شدت آ گئی ہے۔ شہدا کے ورثا کا دھرنا تیسرے روز بھی جاری ہے جبکہ مطالبات کی منظوری تک شہدا کی تدفین سے انکار برقرار رکھا گیا ہے۔ دوسری جانب احتجاج کو صوبہ بھر تک وسعت دینے کا اعلان کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

کراچی، قائمقام چیئرمین سینیٹ سید اسد اللہ خان ناصر تیزاب گردی کے افسوسناک واقع میں زخمی ہونیوالی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کے والد سے عیادت کر رہے ہیں

دہشت گردی انسانیت، امن، ترقی اور قومی یکجہتی کی دشمن ہے، ثمینہ ممتاز زہری

بزدل دہشت گرد عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے

اسلام آباد (پ ر) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے ضلع زیارت کے علاقے مائگی فیز تھری میں دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کے نتیجے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے رنج و غم اور غصے کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ دہشت گردی کے (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر حب کی زیر صدارت کمرشل بینکوں کی سکیورٹی سے متعلق اجلاس

خطرات کے پیش نظر حفاظتی انتظامات کو مزید موثر، مربوط اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے پر اتفاق

حب (خ ن) ڈپٹی کمشنر حب کی زیر صدارت ضلع بھر کے کمرشل بینکوں کی سکیورٹی سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سپرنٹنڈنٹ آف پولیس حب، میجر 147 ونگ فرنٹیئر کور، ضلع میں قائم تمام کمرشل بینکوں کے نمائندگان اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس (بقیہ نمبر 141 صفحہ 3 پر)

عوام کی کو درپیش مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر حل اولین ترجیح ہے، جاوید احمد سالانی

دشت کے عوام کی مایوسیوں کو دور کرنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

دشت (بولانی) اسسٹنٹ کمشنر دشت جاوید احمد سالانی نے کہا ہے کہ دشت کے عوام کی خدمت کو اپنی عبادت سمجھتے ہیں اور علاقے کے مسائل کو حل کرنا ان کی اولین ترجیح ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ دشت کے عوام کی مایوسیوں کو دور کرنے کے (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سینیٹر دوستین ڈومکی ملاقات کر رہے ہیں

لورالائی میں پیرینٹنگ منتھ کے سلسلے میں ایک سیمینار اور واک کا انعقاد

سیمینار میں ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینیٹر نقیب ماما نے پراجیکٹ کے بارے میں مکمل بریفنگ دی

لورالائی (خ ن)۔ بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ نے یونیسیف کے تعاون سے پیرینٹنگ منتھ کے سلسلے میں ایک سیمینار اور واک کا انعقاد کیا، جس کا مقصد (بقیہ نمبر 161 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے گرین بیلٹ کو دانستہ طور پر تباہ کیا جا رہا ہے، میر حاجی ظفر علی پندرانی

کھیر تھر کینال میں پانی کی شدید قلت کے باعث ضلع اوستہ محمد سمیت وسیع زرعی علاقے شدید بحران کا شکار ہیں

گنداخہ (نور حسن جمالی) بلوچستان عوامی پارٹی ضلع اوستہ محمد کے صدر میر حاجی ظفر علی پندرانی نے گنداخہ پریس کلب کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ کھیر تھر کینال میں پانی کی شدید قلت کے باعث ضلع اوستہ محمد سمیت وسیع زرعی علاقے شدید بحران کا شکار ہیں۔ پانی نہ ملنے کی وجہ سے لاکھوں ایکڑ زرعی اراضی بنجر ہوتی جا (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

حکومت ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو ترجیح دے رہی ہے، سلیم کھوسہ

ضلع موسیٰ خیل میں واقع زمری۔ پلاسین روڈ ایک نہایت اہم بین الصوبائی شاہراہ ہے تعمیراتی کام ہر صورت آئندہ دس روز کے اندر دوبارہ شروع کیا جائے

ترقیاتی منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر غفلت یا ناقص کارکردگی کے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع موسیٰ خیل میں واقع زمری۔ پلاسین روڈ ایک نہایت اہم بین الصوبائی شاہراہ ہے لہٰذا اس منصوبے پر تعمیراتی کام ہر صورت آئندہ دس روز کے اندر دوبارہ شروع (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول مدرسہ بحر العلوم چمن کا اعلامیہ

چمن (پ ر) گورنمنٹ پرائمری سکول مدرسہ بحر العلوم گھوڑا ہسپتال روڈ چمن کے ہیڈ ٹیچر نے گورنمنٹ آف بلوچستان سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے حالیہ نوٹیفکیشن کے تناظر میں پریس اعلامیہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ سکول ہذا میں ششماہی امتحانات اور شارٹ ٹرم موسمِ گرما کی تعطیلات کا شیڈول طے کر دیا گیا ہے۔ میڈیا کو جاری کیے گئے اعلامیے کے مطابق سکول میں ششماہی امتحانات کا باقاعدہ آغاز 13 جولائی 2026 سے ہوگا جو 17 جولائی 2026 تک جاری رہیں گے۔ امتحانات کے فوراً بعد سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے احکامات (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)



سیکرٹری انڈسٹریز اینڈ کامرس بلوچستان محمد خالد سرپرہ، بی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر ڈاکٹر طاہر رشید اور انور نسیم کاسی حکومت کے رائز پروگرام کے تحت خاران، واشک اور پنجگور کے مستحق گھرانوں میں آمدن بڑھانے کیلئے چیک دے رہے ہیں

گورنر کا نیوٹراما سینٹر کا دورہ، حالیہ ہنہ اوڑک حملے میں زخمیوں کی خیریت دریافت کی

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے نیوٹراما سینٹر اسپینی روڈ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے حالیہ ہنہ اوڑک میں ہونے والے دہشت گرد حملے میں زخمی ہونے والوں کی خیریت دریافت کی اور متعلقہ حکام کو فوری طور پر تمام طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو بھی ہمراہ تھے۔

حاجی نور جان شاہوانی کی اہلیہ انتقال کر گئیں

کوئٹہ (این این آئی) حاجی نور جان شاہوانی کی اہلیہ انتقال کر گئیں، مرحومہ حاجی شیر جان شاہوانی کی بھابی، محمد آصف شاہوانی اور ڈاکٹر کامران شاہوانی کی والدہ جبکہ ڈاکٹر فیصل شاہوانی، مزار خان شاہوانی اور ڈاکٹر یاسر شاہوانی کی چچی تھیں۔ مرحومہ واحد بخش شیخ حسنی، رحیم بخش شیخ حسنی، امام بخش شیخ حسنی اور کریم بخش شیخ حسنی کی ہمشیرہ تھیں ان کی روح کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی شاہوزئی ہاؤس کچی بیگ کلی چکل میاں خان سریاب روڈ کوئٹہ میں جاری ہے۔

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883708
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731628

بھاگ ناڑی میں لوکل سرٹیفکیٹ کے اجرا میں مسلسل تاخیر

کئی ماہ گزرنے کے باوجود سینکڑوں درخواست گزار اپنے لوکل سرٹیفکیٹ کے حصول کے منتظر ہیں، قادر بخش گویا

بھاگ (نامہ نگار) امیر جماعت اسلامی قادر بخش گویا نے اپنے جاری کردہ بیان میں ضلع کچھی، خصوصاً بھاگ ناڑی میں لوکل سرٹیفکیٹ کے اجرا میں مسلسل تاخیر پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کئی ماہ گزرنے کے باوجود سینکڑوں درخواست گزار اپنے لوکل سرٹیفکیٹ کے حصول کے منتظر ہیں، جس کے باعث عوام شدید ذہنی اذیت اور مشکلات سے دوچار (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

سانحہ ہنہ اوڑک انتہائی دلخراش اور قابلِ مذمت واقعہ ہے، مکھی شام لال لاسی

بے گناہ نہتے شہریوں کے خون سے کھیلنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں

سونمیانی وندر (نمائندہ گوادر بزنس) جمعیت علمائے اسلام پاکستان کے مرکزی رہنما سابق رکن صوبائی اسمبلی اور اقلیتی کمیشن بلوچستان کے چیئرمین مکھی شام لال لاسی نے کہا ہے کہ سانحہ ہنہ اوڑک انتہائی دلخراش اور قابلِ مذمت واقعہ ہے۔ بے گناہ نہتے شہریوں کے خون سے کھیلنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ایسے سفاک (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

صحت مند قوم کے لیے صحت بخش خوراک ناگزیر ہے، حبیب اللہ خان

صوبہ بھر سے مضر صحت اور زہریلی سبزیوں کا مکمل خاتمہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا مشن ہے

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی حبیب اللہ خان نے کہا ہے کہ صوبائی وزیر و چیئرمین بی ایف اے حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی ہدایات پر صوبہ بھر سے مضر صحت اور زہریلی سبزیوں کا مکمل خاتمہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا مشن ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سیوریج (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، سینیٹر جان بلیدی پریس کلب آمد پر سنیئر صحافیوں رشید بلوچ، بی یو جے کے جنرل سیکرٹری شاہ حسین ترین سے ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کے امن اور ترقی کو نقصان پہنچانے کی سازش ناکام بنائی جائیگی، علی مدد جتک

فرض کی ادائیگی کے دوران پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانا پوری قوم پر حملے کے مترادف ہے، بزدل عناصر قانون بلکہ انسانیت کے بھی دشمن ہیں

دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے حکومت ہر ممکن وسائل بروئے کار لا رہی ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے ضلع زیارت میں پولیس اہلکاروں پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے بزدلانہ، سفاکانہ اور انسانیت سوز کارروائی قرار دیا ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ فرض کی ادائیگی کے دوران پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانا پوری قوم پر حملے کے مترادف ہے۔ ایسے بزدل عناصر (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)